۱۔ ضرورت پر مبنی سرگرمیاں

(ا) تہذیبی اور عملی کام کی دنیا کا تعارف

۱ء۱ کمرۂ جماعت کی سجاوٹ (آرائش/ زیبائش)

کمرۂ جماعت کی سجاوٹ کے لیے آسانی سے دستیاب ہونے والا سامان (پھولوں کے ہار، گلدستے)

پھول، پتّے جمع کریں۔ ان سے ہار بنائیں گے۔

کمرے کے دروازوں اور کھڑکیوں پر یہ ہار باندھیں گے۔

میز پر رکھنے کے لیے پھولوں سے کچھ گلدستے بنائیں گے۔

اس طرح ہم اپنی کلاس کو سجائیں گے۔



ہار بنانے کے لیے کون سے پھول لگتے ہیں؟

سیونتی (گُل جعفری)، گیندا (صد برگ)، موگرا، گلاب، نشی گندھ (گُل شبو)، کُند (جوہی)، تگر (سنبل، سدابہار) جیسے پھولوں سے بہترین ہار بنائے جاسکتے ہیں۔

ہار بنانے کے لیے اور کون سے پتّے استعمال کیے جائیں؟

ہار بنانے کے لیے سدابہار، آم اور اشوکا کے درختوں کے پتے استعمال کریں۔

لیکن ایک اہم چیز تو باقی ہی رہ گئی!

کون سی چیز؟

ہار سینے کے لیے کیا سوئی دھاگے کی ضرورت نہیں ہوگی؟

سچ میں!

ہار بنانے کے لیے الگ قسم کی سوئی اور دھاگا ملتا ہے۔ ہم وہ خریدیں گے۔

اس کے علاوہ ایک ٹوکری، اخبار کی ردی، گلدستوں کے لیے لکڑی کے تنکے اور قینچی بھی تو چاہیے!

آؤ، یوں کریں:

۱۔ سوئی میں خوب لمبا دھاگا پروئیں گے۔

۲۔ ردّی اخبار کے کاغذ پر پھول اور پتّے پھیلا دیں گے اور پھر ہار کے مطابق انھیں چن چن کر بُنیں گے۔
۳۔ ایک فرد سوئی میں پھول پروئے گا اور دوسرا ان پھولوں کو دھیرے دھیرے دھاگے کے دوسرے سِرے تک لے جائے گا۔ ایک فرد اس سِرے کو تھوڑا اوپر تھامے رہے گا یعنی زمین کو چھونے نہیں دے گا۔
۴۔ اس طرح پھول اور پتوں کو ترتیب سے استعمال کرتے ہوئے ہار تیار کریں گے۔ ہار کے درمیانی حصے میں بڑے پھول پروئیں گے۔

خیال رکھیں کہ:

۱۔ تمھارے ہاتھ میں سوئی نہ چبھنے پائے۔
۲۔ کام ختم ہو جانے کے بعد کاغذ یا دھاگے کی ریل میں سوئی حفاظت سے رکھی جائے۔
۳۔ ہار زمین پر لگ کر مسلا نہ جائے۔

میری سرگرمی

۱۔ سوکھی شاخوں، پھولوں، گھاس، کاغذ وغیرہ کا استعمال سجاوٹ کے لیے کیسے کریں گے؟
۲۔ پھول بازار کا دورہ کر کے مزید معلومات حاصل کرو۔

- طلبہ کی حسبِ ضرورت رہنمائی کریں۔ ان کی قوتِ متخیّلہ کے مطابق سرگرمی انجام دینے دیں۔
- پھول بازار کے بارے میں مزید معلومات دیں۔

(۲) آبی خواندگی

۱ء۲۔ کفایت شعاری کے ساتھ گھریلو پانی کا استعمال کرنا۔

پانی کا گھریلو استعمال

پینے کے لیے

کپڑے، برتن دھونے کے لیے

پودوں اور درختوں کو پانی دینے کے لیے

کھانا پکانے کے لیے

ہاتھ دھونے کے لیے

- پانی کے استعمال کے بارے میں طلبہ کی حسبِ ضرورت رہنمائی کریں۔
- پانی کے استعمال اور اس کی بچت کیسے کی جائے، اس موضوع پر طلبہ سے مباحثہ کروائیں۔

درج ذیل تصویروں کا مشاہدہ کرو۔ درست یا غلط عمل کی نشاندہی کرو۔ درست عمل پر ✓ کا نشان لگاؤ اور غلط عمل پر ✗ کا نشان لگاؤ۔

تصویر	غلط/درست	تصویر	غلط/درست

- ♦ پانی کے استعمال سے متعلق مناسب یا نامناسب عمل کے بارے میں طلبہ کو معلومات دیں۔
- ♦ پانی کی بچت کیسے کی جاسکتی ہے، اس موضوع پر طلبہ کے درمیان مباحثہ کروائیں۔ طلبہ کو گھریلو پانی کا حساب رکھنا سکھائیں۔

۲ء۲۔ زراعت (کھیتی باڑی) اور کارخانوں کے لیے کفایت شعاری کے ساتھ پانی استعمال کرنا

(ا) زراعت کے لیے پانی

زراعت کے ذریعے ہمیں اناج حاصل ہوتا ہے۔ زراعت کے لیے پانی کی خوب ضرورت ہوتی ہے۔ پانی نہ ملے تو فصلیں سوکھ جاتی ہیں۔ بارش اگر اچھی ہو تو خوب سارا اناج ملتا ہے لیکن کبھی کبھی بارش بہت کم ہوتی ہے، کہیں بہت زیادہ ہوتی ہے اور کہیں بالکل ہی نہیں ہوتی۔

ایسی حالت میں کنوؤں، ندیوں اور تالابوں کا پانی زراعت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ جمع ہوا پانی ضائع نہ ہو۔

قطرہ قطرہ آبپاشی (ڈرپ آبپاشی)

- ضرورت کے مطابق ہی فصلوں کو پانی دیا جائے۔
- ایسی فصلیں اگائی جائیں جنھیں کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔
- ممکنہ طور پر پانی فصلوں کی جڑوں تک پہنچایا جائے۔
- ڈرپ طریقۂ آبپاشی اور اسپرنکلر طریقۂ آبپاشی کا استعمال کیا جائے۔

فوارہ آبپاشی (اسپرنکلر آبپاشی)

میری سرگرمی

اسکول کے احاطے میں موجود باغ، گھر کے احاطے میں موجود کیاریوں یا گملوں میں لگائے ہوئے پودوں یا درختوں کو ضرورت کے مطابق پانی دو۔

- جن کھیتوں میں پانی کا بے حساب استعمال کیا جاتا ہے اور جن کھیتوں میں پانی کا استعمال کفایت شعاری کے ساتھ کیا جاتا ہے، کھیتوں کے مشاہدے کے لیے ایسے کھیتوں کا انتخاب کیجیے۔ طلبہ کو دونوں قسم کے کھیتوں کے درمیان کا فرق سمجھائیں۔
- کسی قریبی کارخانے یا چھوٹی صنعت کا دورہ کر کے وہاں پانی کی رسد کے بارے میں طلبہ کو معلومات دیں۔

(۳) آفات کا حسنِ انتظام

قدرتی آفات (تصویروں یا فلم کے ذریعے طلبہ کو قدرتی آفات کی پہچان کروائیں)

آفت یعنی مصیبت۔

تصویر خوانی:۱

اس تصویر میں آپ کو کیا دِکھائی دے رہا ہے؟

....

....

....

....

تصویر خوانی:۲



اس تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

....

....

....

....

تصویر خوانی:۳

اس تصویر میں آگ کہاں لگی ہے؟ اس سے کیا ہوا ہے؟

....

....

....

....

جنگلوں میں لگنے والی آگ کو 'جنگل کی آگ' کہا جاتا ہے۔

♦ طلبہ کو سمجھائیں کہ زلزلہ، طوفان، سیلاب، جنگل کی آگ جیسی آفات ماحول میں ہونے والی تبدیلیوں کی وجہ سے واقع ہوتی ہیں جن کی وجہ سے انسانی جان و مال کا بہت نقصان ہوتا ہے۔ ان آفات کو 'قدرتی آفات' کہا جاتا ہے۔